# MSE-23

Total No. of Questions: 9

Total No. of Pages: 4

Subject: Urdu

Roll No..................

**A-16**

UR-AS

Time: 2.30 Hrs.

Max. Marks 40

(حصہ الف)

سوال نمبر1: درج ذیل موضوعات میں سے کسی ایک پر ۱۰۰ سے ۱۵۰ الفاظ کا مضمون لکھیں۔ (۷)

(ا) دیوالی/عید

(ب) کمپیوٹر کی اہمیت وافادیت

(ج) پنڈت جواہر لعل نہرو

(د) میرا بہترین دوست

(ہ) یومِ آزادی

سوال نمبر2: اپنے والد صاحب کے نام ایک خط لکھیں اور نئی کتابیں خریدنے کے لیے اُن سے روپے منگوائیں۔

یا

اپنے ہیڈ ماسٹر صاحب کے نام فیس معاف کرنے کی درخواست لکھیں۔ (۵)

سوال نمبر3: (الف) مندرجہ ذیل محاوروں میں سے چار کو اپنے جملوں میں استعمال کریں۔ (۴)

☆ آنکھیں چرانا ☆ باغ باغ ہونا ☆ چادر تان کر سونا

☆ منہ سے پھول جھڑنا ☆ رائی کا پہاڑ بنانا ☆ آب آب ہونا

(ب) مندرجہ ذیل میں سے صرف دو کے واحد کے جمع اور جمع کے واحد لکھیں۔ (۱)

☆ لفظ ☆ نظمیں ☆ جواب ☆ حق

سوال نمبر 4: (الف) مندرجہ ذیل میں صرف دو کے مذکر کے مونث اور مونث کے مذکر لکھیں۔ (۱)

☆ صاحبہ ☆ بیل ☆ دھوبن ☆ سانپ

(ب) مندرجہ ذیل میں سے صرف چار خالی جگہوں کو مناسب لفظ/الفاظ سے پُر کریں۔ (۲)

(i) سچ کی ہمیشہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہوتی ہے۔ (شکست/فتح)

(ii) خلائی پرواز کی اِبتدا۔۔۔۔۔۔۔۔۔نے کی تھی۔ (امریکہ/روس)

(iii) بُدھ مت کے بانی۔۔۔۔۔۔۔۔۔تھے۔ (گوتم/مہاویر)

(iv) جنس کے لحاظ سے اِسم کی۔۔۔۔۔۔قسمیں ہیں۔ (دو/پانچ)

(v) بہن کا مذکر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہوتا ہے۔ (باپ/بھائی)

(vi) شیر ایک۔۔۔۔۔۔۔جانور ہے۔ (جنگلی/پالتو)

## (حصہ ب)

سوال نمبر 5: ذیل میں درج اِقتباسات میں سے کسی ایک اِقتباس کو سلیس اُردو میں لکھیں۔ (۳)

چاند پر قدم رکھنے کے بعد انسان نے خلاؤں میں بھی پرواز شروع کر دی ہے۔ یہ انسانی ترقی کا ایک بہت بڑا قدم ہے۔ ہم کائنات کے ایک چھوٹے سے سیارے یعنی زمین پر رہتے ہیں۔ ہماری زمین کی سطح فضا سے زیادہ بلند نہیں ہے۔ ساٹھ کلومیٹر تک کو خاصی ہوا ہے لیکن تقریباً تین سو کلومیٹر کے بعد اس کی حدود ختم ہو جاتی ہیں۔ اس سے آگے ایک بے کنار اور سُنسان کائنات ہے جہاں آواز، ہوا، پانی، روشنی کچھ بھی نہیں ہے۔ یہی خلا ہے۔

اُنیس برس کی عمر میں گوتم نے اپنی ازدواجی زندگی سے کنارہ کشی کا فیصلہ کیا اور خود کو سچ کی تلاش کے لئے وقف کر دیا۔ وہ محل سے روانہ ہو گئے۔ اُنہوں نے اپنی بیوی، اپنے نومولود بچے اور تمام دُنیاوی آسائشات کو ترک کر دیا۔ وہ ایک مفلس یوگی بن گئے۔ کچھ عرصہ اُنہوں نے اُس دور کے مشہور یوگی علماء سے علم حاصل کیا۔ اُن کے افکار سے مکمل آگہی حاصل ہو جانے کے بعد اُنہوں نے انسان کے غیر اطمینان بخش مسائل کے اپنے حل وضع کیے۔

سوال نمبر 6: مندرجہ ذیل اشعار میں سے صرف دو کی تشریح کریں۔ (۳)

(ا) اجنبی ہاتھوں نے لکھی تھی جو تاریخ تری
اس کو کیا نام دیں سوچی ہوئی تہمت کے سوا

(ب) دہر سے اپنا مقابل کوئی اب تک نہ اُٹھا
کوئی گوتم، کوئی چشتی، کوئی نانک نہ اُٹھا

(ج) یہ باغِ ارم ہے یہ باغِ عدن
یہ میرا وطن ہے، یہ میرا وطن

(د) پہاڑوں کے منظر بنوں کا سماں
ہیں ان میں ہزاروں ہی چشمے رواں

سوال نمبر 7: (i) مندرجہ ذیل سوالات میں سے صرف دو کے جوابات لکھیں۔ (۲)

(ا) وادیٔ کشمیر میں زعفران کی کاشت کہاں کہاں کی جاتی ہے؟

(ب) شور خطرناک قسم کی آلودگی کیوں ہے؟

(ج) شکار کے وقت راجا جا مھولوچن نے جنگل میں کیا منظر دیکھا؟

(د) غذائیں بیماریوں کا سبب کیوں بن جاتی ہیں؟

(II) مندرجہ ذیل سوالات میں سے دو کے جوابات لکھیں۔ (۲)

(الف) امن کو شاعر کیوں ضروری قرار دیتا ہے؟

(ب) دلکش چمن، کس کو کہا گیا ہے؟

(ج) ''ہماری تاریخ''، نظم میں شاعر کے مطابق آزادی ملنے کے بعد خود کو کیا محسوس کرتے ہیں؟

سوال نمبر 8: (I) مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک کا خلاصہ لکھیں۔ (۳)

☆ راجا جامبھو لوچن

☆ ہماری تاریخ

☆ ایک لڑکی

(ii) مندرجہ ذیل میں سے صرف چار الفاظ کے معنی لکھیں۔ (۲)

| | | |
|---|---|---|
| ☆ فرنگی | ☆ پرواز | ☆ شفاف |
| ☆ ہم جولی | ☆ کارکردگی | ☆ مقدس |

سوال نمبر 9: مندرجہ ذیل میں سے صرف پانچ خالی جگہوں کو مناسب لفظ/الفاظ سے پُر کریں (۵)

(i) اہنسا کے معنی ---------- کے ہیں۔

(ii) سگریٹ نوشی ایک ---------- ہے۔

(iii) زعفران کی کاشت ایک ---------- فن ہے۔

(iv) ---------- پہلی ہندوستانی خلاباز ہیں۔

(v) بدچلنی سے دُور رہنا اور ---------- کرنا۔

(vi) یہ دراصل ---------- کو خلا میں بھیجنے کی تیاری تھی۔

(vii) دُرست ارادہ ہی ---------- کی راہ دِکھاتا ہے۔

(viii) وہ کوئل، ---------- وہ قمری، چکور۔